Inam

26-10-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

(Music)

---

- ☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی مکمل ترقی کیلئے قبائلی افراد کی سرگرم شمولیت ضروری ہے۔
- ☆ اسرائیل کا کہنا ہے کہ اُس نے ایران کے خلاف جوابی فوجی کارروائی پوری کرلی ہے۔ اُس نے مزید حملوں کی بھی وارننگ دی ہے۔
- ☆ محکمہ موسمیات نے اڈیشہ کے سمندری طوفان سے متاثرہ علاقوں میں مزید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بچاؤ کا کام زور و شور سے جاری ہے۔
- ☆ مَنیکا بَترا عالمی ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی پہلی ہندوستانی بن گئی ہیں۔
- ☆ اور پونے میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان کرکٹ ٹسٹ میچ جاری ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## PRESIDENT CHHATTIS GARH VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ قبائلی لوگ ایسے علم کا ذخیرہ ہیں، جو قدرتی طور پر زندگی گزار کر حاصل کیا جاتا ہے۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی ، آئی آئی ٹی بھِلائی کے تقسیم اسناد جلسے سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ قبائلی لوگوں کے طرز زندگی سے علم حاصل کرکے ملک کی پائیدار ترقی میں اہم تعاون دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی جامع ترقی صرف تبھی ممکن ہے جب ترقی کے عمل میں قبائلی لوگوں کی فعال

شراکتداری ہو۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ چھتیس گڑھ کی زمین، قبائلی روایت اور ثقافت سے ما لا مال ہے۔ قبائلی لوگ قدرت کو قریب سے جانتے ہیں اور ماحول کے ساتھ ہم آہنگ ہوتے ہوئے صدیوں سے زندگی گزاررہے ہیں۔

تقریب کے دوران صدر جمہوریہ مرمو نے سات طلبا کو سونے کے تمغے عطا کئے۔ چھتیس گڑھ کے گورنر رامن ڈیکا اور وزیراعلیٰ وشنودیو سائی بھی اس موقع پرموجود تھے۔××

## SARDAR PATEL MOMERIAL LECTURE

اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر ایس سومناتھ آج سہ پہر نئی دلی میں آکاشوانی کے رنگ بھون میں سردار پٹیل میموریل لیکچر 2024 کے تحت خطبہ دیں گے۔ جناب ایس سومناتھ "Indian Space Odyssey : In Search of New Frontiers" یعنی نئی سرحدوں کی تلاش میں بھارت کا خلائی سفر کے موضوع پر اظہار خیال کریں گے۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل کی یاد میں اِس لیکچر کا اہتمام پرسار بھارتی نے کیا ہے۔x

## PM MAN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں 11 بجے 'مَن کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے عوام کے سامنے اپنے خیالات پیش کریں گے۔ یہ 115 واں ماہانہ ریڈیو پروگرام ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی نیوز ، ویب سائٹ News on AIR موبائل ایپ ، آکاشوانی اور دوردرشن کے سبھی مراکز سے نشر کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، یہ پروگرام اطلاعات و نشریات کی وزارت ، آکاشوانی نیوز کے یو ٹیوب چینل، ڈی ڈی نیوز اور PMO سے بھی براہ راست دستیاب ہوگا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں پیش کرے گا۔ x

## PM RAJU CONDOLENCE

وزیراعظم نریندرمودی نے آج مشہور ثقافتی شخصیت اور رقاص کنک راجو کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ جناب مودی نے Gussadi رقص کو محفوظ کرنے میں جناب راجو کے تعاون کی تعریف کی اور کہا کہ ان کی وراثت آنے والی نسلوں کو ترغیب دیتی رہے گی۔ وزیراعظم نے اس بات کو اجاگر کیا کہ جناب راجو کی لگن اور ان کے شوق نے اس بات کو یقینی بنایا کہ ثقافتی ورثے کے اہم پہلوؤں کو ان کی بنیادی شکل میں تقویت حاصل ہو۔ ××

## FM WORLD BANK

مرکزی وزیرخزانہ اور کارپوریٹ امور کی وزیرمحترمہ سیتا رمن نے عالمی بینک پر زور دیا ہے کہ وہ کم ترقی یافتہ

اور ترقی پذیر ملکوں کے تجربے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ڈیجیٹل شمولیت اور لگاتار اور پائیدار توانائی کے شعبوں میں دو طرفہ تبادلوں کو فروغ دینے کا کام کرے۔ انہوں نے یہ بات واشنگٹن میں عالمی بینک کی اِس سال کی سالانہ میٹنگ میں ترقیاتی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جس کا موضوع تھا، ''A Future - Ready World Bank Group'' محترمہ سیتا رمن نے وسیع تر شمولیت کو بڑھاوا دینے کا اور کم آمدنی والے ملکوں کیلئے ترغیبات کی ضرورت کو اجاگر کیا تاکہ وہ اپنے ترقیاتی سفر کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں۔ x

## CONSUMER AFFAIRS HELMET

صارفین امور کے محکمے نے ضلع کلکٹروں اور ضلع مجسٹریٹس کو خط لکھ کر کہا ہے کہ وہ ایسے مینوفیکچروں اور خردہ فروشوں کے خلاف پورے ملک میں مہم چلائیں، جو دو پہیہ سواروں کو ایسے ہیلمیٹ فروخت کرتے ہیں جو ضابطوں کی خلاف ورزی کرکے بنائے گئے ہیں۔ بازار میں دستیاب ہیلمیٹس کی کوالٹی پر بڑھتی ہوئی تشویش اور سڑک پر زندگیاں بچانے میں اس کے اہم رول کے پیش نظر یہ اقدام سامنے آیا ہے۔ صارفین کے امور کے ، محکمے کی سکریٹری ندھی کھرے نے کہا کہ یہ اقدام بازارسے غیرمحفوظ ہیلمیٹ ہٹانے کے لئے اہمیت کا حامل ہے تاکہ اس کے ذریعہ صارفین کو بی آئی ایس سرٹیفائڈ مصنوعات کی اہمیت کے بارے میں بتایا جاسکے۔ انہوں نے سبھی شراکتداروں پر زور دیا کہ وہ شہریوں کی حفاظت کے لئے اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔xx

## CBDT - ITR

براہ راست ٹیکسوں سے متعلق مرکزی بورڈ نے کارپوریٹ ٹیکس دہندگان کیلئے 2024-25 کے تشخیصی سال کیلئے انکم ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر سے بڑھاکر 15 نومبر کردی ہے۔ x

## JHARKHAND ASSEMBLY

جھارکھنڈ اسمبلی کے پہلے دور کے اسمبلی چناؤ کیلئے کل کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا آخری دن تھا۔ پہلے مرحلے میں 13 نومبر کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 28 اکتوبر کو کاغذات کی جانچ پڑتال کی جائے گی اور امیدوار اِس مہینے کی 30 تاریخ تک نام واپس لے سکتے ہیں۔ جھارکھنڈ میں دو مرحلوں میں ووٹنگ ہوگی۔ دوسرے مرحلے میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اسی دوران اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد سے ریاست کے مختلف حصوں سے تلاش کی کارروائی کے دوران 51 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کا غیرقانونی سامان اور نقد رقم قبضے میں لی گئی ہے۔ ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی

کے الزام میں 16 ایف آئی آر درج کرائی جاچکی ہیں۔ x

## MAHA ELECTION SECOND LIST

کانگریس اور شیوسینا (ادھو بالا صاحب ٹھاکرے) نے بتدریج 23 اور 15 امیدواروں پر مشتمل اپنی دوسری فہرست جاری کی ہے۔ کانگریس نے دیگر امیدواروں کے ساتھ رالے گاؤں سے وسنت پور کے، ساونیر سے انوجا کیدار، ارجُنی مورگاؤں سے دلیپ بانسوڑ ، جالنا سے کیلاش گورنٹیال اور شیو کولیواڑہ سے گنیش یادو کو کھڑا کیا ہے۔ شیوسینا ادھو بالاصاحب ٹھاکرے پارٹی نے دیگر امیدواروں کے ساتھ دُھلے سے انیل گوٹے، ہنگولی سے روپالی پاٹل، شیوڑی سے اجے چودھری اور بھائے کھلا سے منوج جام سنکر کو کھڑا کیا ہے۔ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لئے پرچے داخل کرنے کی آخری تاریخ 29 اکتوبر ہے۔ ووٹنگ 20 نومبر کو ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔××

## BJP JHARKHAND UNIT

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر جے پی نڈا نے سابق ایم پی رویندر کماررائے کو پارٹی کی جھارکھنڈ یونٹ کا کارگزارصدر مقرر کیا ہے۔××

## REV ISRAEL - IRAN MILITARY STRIKES

اسرائیل نے آج صبح سویرے ایران پر ایک بڑا حملہ کیا، جس سے علاقے میں تیزی سے کشیدگی پھیل گئی ہے۔ اسرائیل کی فوج نے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسرائیل کے علاقے پر ایران کے حملے کا براہ راست جواب ہے۔ ایران نے اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو اسرائیل پر میزائل حملہ کیا تھا۔

اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے جوابی کارروائی پوری کرلی ہے لیکن مزید حملے کئے جاسکتے ہیں۔ ایک بیان میں اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ ایران کی سرکار اور اُس کے پشت پناہی والے گروپ پچھلے سال سے اسرائیل پر ایران کی سرزمین سے کئی جگہوں پر حملے کرتی رہی ہے۔

شام کے سرکاری ذرائع ابلاغ نے بتایا ہے کہ اسرائیل نے وسطی اور جنوبی علاقوں میں کچھ فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔

امریکہ نے ایران پر حملوں میں ملوث ہونے سے انکار کیا ہے۔ x

## DELHI POLLUTION

آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ CPCB نے دلّی میں ہوا کے معیار کو ناقص قرار دیا ہے۔ CPCB کے مطابق دن میں ایک بجے ہوا کے معیار سے متعلق اشاریے میں ہوا کے معیار کو 235 پر رکھا گیا تھا۔

ہوا کے معیار کو صفر سے 50 تک اچھا ، 51 سے لے کر 100 تک اطمینان بخش ، 101 سے لے کر 200 تک معتدل ، 201 سے لے کر 300 تک ناقص اور 301 سے لے کر 400 تک بہت خراب مانا جاتا ہے۔x

## ODISHA - CYCLONE

اڈیشہ میں شدید سمندری طوفان سے متاثرہ ساحلہ اضلاع کے خطوں میں بحالی اور بازآباد کاری کا کام زور شور سے جاری ہے۔ سمندری طوفان Dana کی وجہ سے کئی علاقوں میں بجلی کی سپلائی منقطع ہوگئی تھی۔ بڑی تعداد میں درخت اور بجلی کے کھمبے گرگئے تھے۔ کچے مکانات کو نقصان پہنچا ہے یا وہ گرگئے ہیں اور ہزاروں ہیکٹیئر میں دھان کی فصل کا نقصان ہوا ہے۔ اڈیشہ کے ساحل پر Dharma اور Bhitarkanika قومی پارک کے علاقوں میں جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات کو اِس طوفان نے تباہی مچائی تھی۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ اب یہ طوفان کافی کمزور ہوگیا ہے اور اگلے 12 گھنٹے میں اِس کا اثر بہت کم رہ جائے گا۔

اِس طوفان کے زیرِ اثر اڈیشہ میں کیندر پاڑا ، بالاسور ، جاج پور اور میور بھنج اضلاع میں موسلادھار بارش ہوئی ہے۔ ریاست کے مختلف حصوں میں مزید بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## WTT MANIKA

منیکا بترا نے ٹیبل ٹینس میں آج اس وقت تاریخ رقم کی جب وہ ڈبلیو ٹی ٹی چمپئن مقابلے کے کوارٹر فائنلز کے لئے کوالیفائی کرنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئیں۔ بھارتی کھلاڑی منیکا نے کل رومانیہ کی برناڈیٹ شوکز کو فرانس کے Montpellier میں 16 ویں راؤنڈ میں تین ایک سے شکست دی تھی۔ آج منیکا کا مقابلہ چین کی Qian Tianyi کے ساتھ ہوگا۔ منیکا نے اس سے قبل رومانیہ کے کھلاڑی کو 2024 کے پیرس اولمپکس میں تین دو سے شکست دی تھی۔ وہ کسی اولمپکس کے ٹیبل ٹینس مقابلے میں سنگلز زمرے کے آخری سولہ کھلاڑیوں میں پہنچنے والی ٹیبل ٹینس کی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئی ہیں۔ بترا نے کئی کامن ویلتھ کھیلوں میں تمغے جیتے ہیں۔

خواتین سنگلز زمرے میں دیگر بھارتی کھلاڑی سریجا اکولا Puerto Rico کی ایڈریانا ڈائز سے تین کے مقابلے دو سے ہار گئیں۔xx

## DAY CRICKET INDIA NZ

کرکٹ میں، پونے میں دوسرے ٹیسٹ کے تیسرے دن نیوزی لینڈ نے بھارت کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں 255 رن بناکر بھارت کے لئے 359 رن کا ہدف رکھا ہے۔ ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت کی ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں 5 وکٹ کے نقصان پر 162 رن بنالئے تھے۔ اپنی پہلی اننگز میں نیوزی لینڈ نے 259 رن بنائے تھے جبکہ بھارت کی پوری ٹیم 156 رن پر آؤٹ ہوگئی تھی۔××

## BSF, BGB DG-LIVE TALKS POSTPONED

سرحدی حفاظتی فورس BSF اور بنگلہ دیش کے سرحدی گارڈوں BGB کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کے درمیان نئی دلّی میں ہونے والی گفتگو ملتوی کردی گئی ہے۔ یہ بات چیت اگلے مہینے کی 18 سے 22 تاریخ تک نئی دلّی میں ہونی تھی۔ BGB کے ترجمان نے بتایا ہے کہ BGB نے BSF سے درخواست کی تھی کہ اِس بات چیت کو ایک مہینے کیلئے ملتوی کردیا جائے کیونکہ ملک کے موجودہ حالات کے مدنظر BGB کے اہلکار ملک میں مختلف جگہوں پر تعینات ہیں۔ BSF اور BGB کے درمیان سال میں دو بار DG سطح کی بات چیت ہوتی ہے۔ اِسی طرح کی پچھلی میٹنگ اِس سال مارچ میں ڈھاکہ میں ہوئی تھی۔ x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی مکمل ترقی کیلئے قبائلی افراد کی سرگرم شمولیت ضروری ہے۔
- ☆ اسرائیل کا کہنا ہے کہ اُس نے ایران کے خلاف جوابی فوجی کارروائی پوری کرلی ہے۔ اُس نے مزید حملوں کی بھی وارننگ دی ہے۔
- ☆ محکمہ موسمیات نے اڈیشہ کے سمندری طوفان سے متاثرہ علاقوں میں مزید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ بچاؤ کا کام زور و شور سے جاری ہے۔
- ☆ مَنیکا بترا عالمی ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی پہلی ہندوستانی بن گئی ہیں۔
- ☆ اور پونے میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان کرکٹ ٹسٹ میچ جاری ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------------